## سوال

(163) بڑوں کے ساتھ بچے کھڑے ہو جائیں تو بعد میں ان کو بڑے آ کر پیچھے کر سکتے ہیں

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

پہلی صف میں بڑوں کے ساتھ بچے بھی کھڑے ہوں تو بعد میں بڑا آدمی آنے والا کسی بچے کو پیچھے ہٹا کر خود اس کی جگہ پر کھڑا ہو سکتا ہے یا نہیں۔

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

پہلی صف میں اگر جگہ ہو، تو بچے کھڑے ہو سکتے ہیں۔ بلکہ بچہ اگر زیادہ پڑھا ہوا ہو اور باقی لوگ پڑھے ہوئے نہ ہوں، تو بچہ امامت بھی کرا سکتا ہے۔ (مشکوٰۃ) شریف میں یہ بھی حدیث ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرے قریب بالغ اور عقل مند یعنی اہل علم کھڑے ہوں۔ ایک صحابی نے اس حدیث کی بنا پر ایک بچے کو پیچھے کر دیا۔ (مشکوٰۃ)

فتاویٰ علمائے حدیث

**جلد 3 ص 76**